SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 5, 2019

## ایس ای سی پی، ایشین ڈویلپمنٹ بنک (اے ڈی بی) کی فنانشل مارکیٹ ڈویلپمنٹ پروگرام پر مشاورتی ورکشاپ

کراچی (دسمبر 5 ):۔ پاکستان میں سرمائے کی مارکیٹ کے فروغ اور استحکام کے لئے، سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے پانچ سالہ فنانشل مارکیٹ ڈویلپمنٹ پروگرام تشکیل دے رہا ہے۔ اس پانچ سالہ روڈمیپ کا مقصد سرمائے کی مارکیٹ میں طلب و رسد کے معیارات کو بہتر بنا کر مارکیٹ میں وسعت اور استحکام پیدا کرنا ہے۔ اس سلسلے میں تمام اہم شراکت داروں سے مشاورت کے لئے ایس ای سی پی اور اے ڈی بی نے ایک مشترکہ ورکشاپ منعقد کی۔

ورکشاپ میں ایس ای سی پی، سٹیٹ بینک آف پاکستان، اے ڈی پی کے اعلی عہدیداران اور اسٹاک ایکس چینج، سینٹرل ڈپازٹری، نیشنل کلیئرنگ کمپنی اور مارکیٹ کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں مشاورتی اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایس ای سی پی ے چیئرمین عامر خان نے کہا کہ بطور ریگولیٹر اس کے ادارے کی اولین ترجیح ملک میں ایک مضبوط، مستحکم اور سہل ریگولیٹری ماحول کی فراہمی ہے۔ انہوں نے زور دیا سب اداروں کا مقصد ملک میں معاشی ترقی کے خواب کو پورا کرنا ہے، تاہم ہمیں اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ کسی ایک شعبے کی ترقی کسی دوسرے کی قیمت پر حاصل نہ ہو۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے کہا کہ ہمیں انضباطی رکاوٹوں کو آسان بنانا اور کاروباری لاگت کو کم کرنا ہے لیکن ساتھ ساتھ ہمیں شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ہر لمحہ چوکنا بھی رہنا ہے ۔

کیپیٹل مارکیٹ کے مجوزہ ترقیاتی پروگرام کے حوالے سے عامر خان نے کہا کہ سٹارٹ اَپس اور سمال اور میڈیم انٹرپرائزز کے لئے سرمائے کی ضروریات کو پورا کرنا، رٹیل سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ، ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے کردار میں اضافہ، ایک مستعد بانڈ مارکیٹ کا قیام اور انفراسٹرکچر کے لئے سرمائے کی فراہمی مارکیٹ کے مجوزہ ترقیاتی پروگرام کا اہم جزو ہوں گے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کی کامیابی کے لئے ایس ای سی پی اور دیگر شراکت داروں کے مابین اتفاق اور تعاون بہت ضروری ہو گا۔

ایس ای سی پی کے کمشنر شوذب علی نے اس موقع پر ایس ای سی پی کی جانب سے سیکورٹیز مارکیٹ میں کی گئی اصلاحات اور اس سلسلے میں درپیش مسائل و چیلنجز اور موجود مواقع پر بریفنگ دی۔ ورکشاپ میں ماہرین نے مارکیٹ میں سرمائے کی رسد و طلب میں حائل رکاوٹوں اور اصلاحات کی سفارشات پر شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔

اے ڈی بی کے کنٹری ڈائریکٹر آصف چیمہ نے کہا کہ فنانشل مارکیٹ ڈویلپمنٹ پروگرام ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے منصوبہ 2030 کا حصہ ہے جس کا مقصد مالی استحکام کے لئے کیپیٹل مارکیٹ اور مالیاتی شعبے کے فروغ کے لئے نجی شعبے کو تعاون فراہم کرنا ہے۔ یہ پروگرام اے ڈی بی کی پاکستان میں

کیپیٹل مارکیٹ کے فروغ کے لئے گزشتہ دو دہائیوں میں کی گئی سپورٹ کی بنیاد پر تشکیل دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم منصوبے کی کامیابی کے لئے حکومتی تعاون و حمایت درکار ہو گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005